
# پیچش

## علامات



1

فضلہ نرم ہو جاتا ہے۔

2

فضلہ پتلا، پانی کی طرح یا لیس دار رطوبت کی طرح ہو جاتا ہے



3

شدید پیچش کی صورت میں فضلہ خونی بھی ہو جاتا ہے۔

اگر چہ سر سبز چارہ کھانے سے بھی فضلہ عموماً نرم ہو جاتا ہے۔
لیکن پیچش کی صورت میں یہ علامات دیکھی جاسکتی ہیں۔



- وزن میں کمی
- بھوک میں کمی
- سستی اور دباؤ کی کیفیت
- بخار

## وجوہات



- طفیلی کیڑوں کی وجہ سے انفیکشن**



- جراثیموں کی وجہ سے انفیکشن*



خوراک کے معمول میں اچانک تبدیلی بشمول سر سبز شاداب چارہ یا نشاستہ دار خوراک جیسا کہ گندم اور جو کا ایک دم اضافہ کر دینا۔



کچھ پودے کھانے کی وجہ سے پیچش لاحق ہو سکتی ہے۔

## بچاؤ



پیچش زدہ بھیڑ اور بکریوں کو باقی ریوڑ سے علیحدہ رکھیں۔
بیمار میمنوں کو ان کی ماؤں کے ساتھ علیحدہ رکھیں۔




ماحول اور باڑوں کو صاف ستھرا رکھیں۔



بیمار جانوروں کی دیکھ بال اور علاج کے بعد ہاتھ پاؤں اور جوتوں کو اچھی طرح صابن سے دھوئیں۔



دھیرے دھیرے ہفتہ بھر میں اسے نئی خوراک متعارف کروائیں۔ نشاستہ دار خوراک جیسا کہ گندم بعد میں متعارف کروائیں۔



اچھی قوت مدافعت کیلئے نوزائیدہ میمنے کو کولوسٹرم (بولی) پلائیں

* انفیکشن: متعدی وبائی مرض جو جراثیموں، طفیلی کیڑوں وغیرہ سے پھیلے

** طفیلی: ایسے جراثیم کیڑے وغیرہ جو اپنی خوراک اور بقاء کیلئے دوسروں پر انحصار کرتے ہیں۔

پیچش معدہ اور آنتوں کی ایک عام بیماری ہے جس کا شکار ہر عمر کی بھیڑ اور بکری ہو سکتی ہے۔

اس بیماری میں بھیڑ اور بکریوں کا فضلہ نرم، پانی کی طرح پتلا، لیس دار رطوبت زدہ اور شدید حالات میں خونی بھی ہو سکتا ہے۔



- ایک کپ پانی میں دو چمچ چینی، ایک چٹکی نمک اور ایک چٹکی میٹھا کھانے کا سوڈا (بیکنگ سوڈا)

اگر جانور بیٹھا ہوا ہو تو اسے سایہ، تازہ پانی اور خوراک مہیا کریں۔

ماس مکھی (بلوفلائی) کے حملہ سے بچاؤ کیلئے جانور کی پشت کو پانی سے صاف کریں۔

**اگر پیچش برقرار رہے تو جانوروں کے معالج سے رجوع کریں۔**

| سٹاک کلاس (درجہ) | پیچش کی نوعیت | عام وجہ (سبب) | علاج | انفیکشن کے عوامل (خطرات) |
|---|---|---|---|---|
| گھروں میں رکھے میمنے  | پانی کی طرح پتلا، بدبودار، سبزی مائل  | بیکٹیریا / کوکسیڈیا کی آنتوں کی انفیکشن  | سکور-X لیکویڈ یا ملتی جلتی 12 ملی لیٹر فی دس کلو زندہ وزن کے حساب سے دن میں دو بار تین دن کیلئے۔ | • جانوروں کو نامسائد گندے ماحول میں رکھنا۔ • باڑوں کی باقاعدہ صفائی نہ کرنا۔ • تنگ جگہ پر جانوروں کو رکھنا۔ • بڑے اور چھوٹے جانوروں کو اکٹھے رکھنا۔ |
| چرنے والے میمنے / بڑے جانور  | پتلا سیاہی مائل لیکن زیادہ بدبودار نہیں  | طفیلی کیڑے  | آئیورمیکٹن Ivermectin 1% زیر جلد انجیکشن بکری: 0.4 ملی لیٹر بھیڑ: 0.2 ملی لیٹر<br>لیوامیسول (پلانے کیلئے) بکری: 1.5 ملی لیٹر بھیڑ: 1.0 ملی لیٹر<br>البینڈازول (پلانے کیلئے) بکری: 4 ملی لیٹر بھیڑ: 2 ملی لیٹر | • چھوٹی گھاس پر چرائی • علاقے جہاں جانوروں کی تعداد بہت زیادہ ہو • ایسی چراگاہ پر چرائی جہاں پہلے پیچش زدہ جانوروں نے چرائی کی ہو |




Aik Saath ایک ساتھ 'Together' | THE UNIVERSITY OF MELBOURNE | UVAS UNIVERSITY OF VETERINARY AND ANIMAL SCIENCES LAHORE | حکومت سندھ Government of Sindh

*Enhancing small ruminat production to benefit farming families in Sindh and Punjab, Pakistan*